Hajj O Umrah Helpful Tips حج و عمرہ ٹپس

(1) تقویٰ بہترین زادِ راہ-

(2) نمازبا جماعت ادائیگی-

(3) انتظار کے اوقات ذکر میں گزاریں-

(4) صبر و استقامت-

(5) جگہ جگہ غصہ میں نہ آئیں- بلکہ استغفار پڑھتے رہیں-

(6) اپنی صفائی کا خصوصی دھیان رکھیں-

(7) فضول باتیں،غیبت،چغلی،بد کلامی سےہرممکن بچیں -

(8) عورتیں اپنے پردے کا خصوصی دھیان رکھیں-

(9) پرس گلے میں لٹکانے والا رکھیں جس میں چھوٹی چھوٹی ضرورت کی تمام اشیاء رکھیں مثلاً دعاؤں کی چھوٹی کتابیں،کھانے کی کوئی چیز جیسے میوے، کینڈی،پانی،بسکٹ تاکہ پانی کی کمی نہ ہو-

(10) ٹشو پیپر اور ٹشو رول اپنے پاس ہر وقت رکھیں-

(11) ویسلین کی چھوٹی بوتل پرس میں رکھیں،سوئی دھاگہ اور سیفٹی پنز بھی ساتھ رکھیں –

(12) ضروری ادویات کھانسی،نزلہ،زکام،بخار کی دوائیاں رکھیں-

(13) فیس ماسک لگانا نہ بھولیں، وبا کا خطرہ ہو سکتا ہے-

(14) لوگوں کی دعائیں ناموں کے ساتھ لکھ کر لسٹ بنالیں، یہ امانت ہیں-

(15) کوشش کیجیئے حرم میں کوئی بھی وقت ضائع نہ ہو، قرآن کی تلاوت زیادہ سے زیادہ کیجیئے-

(16) کوشش کیجیئےقرآن کا کچھ حصّہ زبانی یاد کریں،اس کے لیئے گھر ہی سے تیاری اور ٹائم ٹیبل بنا کر جائیں۔ جیسے کچھ پسندیدہ آیات،کچھ چھوٹی سورتیں، کچھ قرآنی دعایئں،قرآن کا کچھ حصّہ ترجمے کے ساتھ ضرور پڑھیں وغیرہ –

(17) چھوٹی نوٹ بُک اور پین پاس ضرور رکھیں-

(18) اپنے ساتھیوں، معلم، ہوٹل کمرہ نمبرجاتے ہی اپنے پاس لکھ کر محفوظ جگہ پر رکھ لیں–

(19) سفری جائے نماز،ناخن کٹر،چھوٹی قینچی اور چھوٹی تسبیح جو طواف کے سات چکر کے لیئے ہے ساتھ رکھیں -

(20) اپنے پاس چھوٹا لفافہ رکھیں تاکہ گندگی نہ پھیلے،اور استعمال شدہ چیزیں اس میں رکھ لیں-

(21) مسواک ضروراپنے پاس رکھیں،اورہر نماز سے پہلے اس کا استعمال کریں-

(22) جھگڑا کرنے سے حتی الامکان بچیں-

(23) رش میں ایک دوسرے کو دھکے یا مُکے نہ ماریں- بلکہ صبر واستقامت اور دعا و اذکارکا ساتھ رکھیں –

(24) زیادہ سے زیادہ وقت عبادت میں گزاریں-

(25) کچھ ایکسٹرا دعاؤں کے کارڈز،بُکس ساتھ ضرور رکھیں- اور دعوت کا کام نہ بھولیں

(26) ہر وقت دوسروں کی مدد کے لیئے تیاررھیں-

(27) خواتین عبایئہ میں ایک یا دو پاکٹس رکھوالیں،تاکہ چھوٹی ضرورت کی اشیاء ساتھ رکھ سکیں-

(28) خواتین بال،بازواور ٹخنے ڈھانپ کر نماز پڑھیں –

(29) خواتین عورتوں کے ایئریا میں نماز ادا کریں -

(30) حرم اورمسجدِ نبوی میں نماز کے بعد نمازِجنازہ ادا کرنے کی کوشش کریں-

(31) جانے سے پہلے کچھ نہ کچھ علم لے کر جائیں-

(32) عربی زبان کی کچھ گنتی یاد کرلیں-

(33) نازک حالات میں یا اچانک بیماری کی حالت میں نزدیک ترین کلینک چلے جائیں-

(34) واپسی پر ناخوشگوار باتیں کر کے اپنا اَجر ضائع نہ کریں –

NrQ.no

ہرعمل سنت کے مطابق کرنے کی کوشش کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ آجر کے مُستحق ہوں

حدیث :

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمرہ ان تمام گناہوں کا کفارہ ہے جو موجودہ یا گزشتہ عمرہ کے درمیان سرزد ہوئے ہوں ------ اور حجِ مبرورکا بدلہ تو جنت ہی ہے- (اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے)